# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (چمڑے کے دستانے بنانے کا کارخانہ)


سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 7-36304926 42 92

helpdesk@smeda.org.pk


مئی 2016


**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون:111-111-456 (042)
فیکس نمبر:7-36304926(0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون:111-111-456 (021)
فیکس نمبر:35610572 (021)
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون:9213046-47 (091)
فیکس نمبر:286908 (091)
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر:15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئر پورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون:2831623, 2831702 (081)
فیکس نمبر:2831922 (081)
helpdesk-qta@smeda.org.pk

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 2 |
| 2 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 5 |
| 3 | پیداواری گردش عمل | 5.1 |
| 5 | ابتدائی و عملی استعداد | 5.2 |
| 5 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 5 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 8 |
| 6 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 9 |
| 6 | معاشی کیفیت | 9.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 9.2 |
| 7 | کل لاگت کاروبار | 9.3 |
| 7 | درکار زمین | 9.4 |
| 8 | درکار مشینری اور آلات | 9.5 |
| 8 | درکار فرنیچر اور فکسچرز | 9.6 |
| 9 | درکار دفتری آلات | 9.7 |
| 9 | درکار خام مال | 9.8 |
| 10 | درکار افرادی قوت | 9.9 |
| 10 | متفرق اور دیگر لاگتیں | 9.10 |
| 11 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 9.11 |
| 11 | ماہرین و مشیران | 10 |
| 12 | کارآمد روابط | 11 |
| 13 | ضمیمہ جات | 12 |
| 13 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12.1 |
| 14 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 12.2 |
| 15 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 12.3 |
| 16 | کلیدی مفروضے | 13 |

## 1۔ اظہارِ لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

دستاویز

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 11 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ تیاری | مئی 2016ء |
| مزید معلومات | پراونشل چیف پنجاب<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

پاکستان کی چمڑے کی صنعت بشمول چمڑے کی بنیاد پر تیار کردہ مصنوعات 5 بڑی برآمدی آمدنی کے ذریعے میں سے ایک ہے اور اس کی قومی خزانے میں بے شمار شراکت ہے۔ پاکستان کے چمڑے کی مصنوعات کی بین الاقوامی طلب، دوسرے سیکٹرز کی نسبت کم سرمایہ کاری، معیاری چام اور کھالوں کی آسان دستیابی، بہترین دستکاری، ہنرمند افراد تک رسائی وغیرہ حوصلہ افزا عوامل ہیں جو کہ چمڑے کی مصنوعات کی تیاری کے کاروبار میں نئے آنے والوں کے لئے بہترین مواقع فراہم کرتے ہیں۔

یہ دستاویز چمڑے کے دستانے بنانے والے یونٹ لگانے کے متعلق تفصیلات فراہم کرتا ہے۔ یونٹ روزانہ تقریباً اوسطاً 1,100 دستانوں (Gloves) کے فینسی اور فیشن والے جوڑے تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہوگا۔ اس مقصد کے لئے 50 سٹچنگ مشینیں (Stitching machines) حاصل کی جائیں گی۔ کارخانہ دیگر قسم کے دستانے (سپورٹس اور کام کیلئے) بھی بغیر کسی اضافی مشینری کے تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہوگا۔ چمڑے کے فیشن دستانے تیار کرنے کے مجوزہ کاروبار کی کل لاگت کا تخمینہ 10.87 ملین روپے ہے۔ یہ 5.57 ملین روپے مستقل لاگت اور 5.30 ملین ابتدائی گردشی سرمائے پر مشتمل ہوگا۔ منصوبہ 50 فیصد قرض اور 50 فیصد ذاتی سرمائے سے شروع کیا جائے گا۔

منصوبہ کی NPV موجودہ قدر حاصل تقریباً 31.34 ملین روپے، IRR اندرونی شرح منافع 46 فیصد اور مدت واپسی 3.12 سال ہوگی۔ منصوبہ 20 افراد بشمول مالک/منیجر کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔ سرمایہ کاری پر زیادہ منافع کا حصول اور کاروبار میں مسلسل ترقی کا انحصار کاروباری افراد کے متعلقہ کاروبار کے متعلق تعلیم/تجربے کا ہونا ضروری ہے۔ اس کاروبار کی قانونی حیثیت فردِ واحد تجویز کی گئی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی(SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرِنظر دستاویز میں فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد ازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ منصوبے کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)

یہ دستاویز پاکستان میں چمڑے کے ذیلی سیکٹروں میں سے ایک یعنی چمڑے کے دستانے بنانے کے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔یہ ذیلی سیکٹر خواہش مند کاروباری اشخاص کے لئے پاکستان کے بڑے برآمدی نوعیت کے سیکٹروں میں سے ایک میں اپنا کاروبار قائم کرنے کے لئے قوی مواقع کی پیشکش کرتا ہے۔

چمڑے کے دستانوں کی درجہ بندی پر دو اہم اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، سپورٹس اور نان سپورٹس گلوز (Gloves)۔

نان سپورٹس (Gloves) میں فینسی، فیشن والے اور صنعت میں کام کرنے کے لئے دستانے شامل ہیں۔فیشنی دستانے عام طور پر اعلیٰ معیار کے چمڑے سے تیار کئے جاتے ہیں جبکہ صنعتوں میں کام کے لئے استعمال ہونے والے دستانے کم معیاری اور تقسیم چمڑے (Split Leather) سے تیار کئے جاتے ہیں۔

مجوزہ منصوبہ بنیادی طور پر فیشن والے چمڑے کے دستانے تیار کرنے والا یونٹ ہوگا جو صنعتی استعمال اور سپورٹس کے لئے دستانے بغیر اضافی مشینری کے تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔تیار کئے جانے والے چمڑے کے دستانوں کے لئے برآمدی مارکیٹ، بنیادی مارکیٹ ہوگی جبکہ اہم منازل ای یو اور شمالی امریکہ (North Amrica) ہوں گے۔

مجوزہ یونٹ کی بنیاد 50 لاک سٹیچ (Lock Stitch) (سنگل نیڈل Single Needle) مشینوں اور حلیف مشینوں پر ہے اور (لاک سلائی، ڈبل سوئی، اوور لاک مشین، کٹر، ہائیڈرالک پریس وغیرہ) کے ساتھ اور چمڑے کے فیشن دستانوں کی پیداواری صلاحیت 1,100 دستانے کے جوڑے 8 گھنٹے کی سنگل شفٹ کی بنیاد پر ہوگی۔منصوبہ 20 افراد کو ابتدائی طور پر بلاواسطہ روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔

یونٹ آرڈر کی بنیاد پر خاص طور پر برآمد کنندگان، تاجر اور بین الاقوامی خریداروں کے لئے کام کرے گا۔فیشن دستانوں کی تیاری کے یونٹ کی قانونی حیثیت فردِ واحد فرض کی گئی ہے۔

## 5.1۔ پیداواری گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

دستانوں کی تیاری کا عمل تصریح/گاہکوں کی طرف سے دستانوں کے نمونے اور یا ڈیزائننگ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ڈیزائن کے حصول کے ساتھ ہوتا ہے۔ یہ تفصیلات چمڑے کی تصریح، اقسام، استعمال ہونے والے لوازمات، ڈیزائن کی تفصیل، سلائی، پیکنگ کے متعلق ہدایات اور تمام ضروری معلومات پر مشتمل ہیں۔


حاصل ہونے والی تصریحات کی بنیاد پر دستانوں کا ایک جوڑا بطور سیمپل (Sample) تیار کر کے منظوری کے لئے گاہک کو بھیجا جاتا ہے۔

ایک بار جب سیمپل (Sample) تصریحات کی بنیاد پر منظور ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد سب سے پہلے پیٹرن ماسٹر (Pattern master) نمونہ ساز، چارٹ پیپر پر نمونہ تیار کرتا ہے اور اس کے بعد سٹرا بورڈ شیٹ (Straw board sheet) پر تیار کرتا ہے جس کو بعد میں آرڈر کے حساب سے چمڑے کو کاٹنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ تیار کئے گئے نمونہ کو سامنے رکھتے ہوئے کٹائی کرنے والے چمڑے کو چھریوں کی مدد سے کاٹتے ہیں۔ بڑی تعداد کی صورت میں دھات کی بنی ڈائیوں والی پریس مشین بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ ضیاع کم سے کم ہو۔ چمڑہ کاٹنے کے عمل میں اوسط ضیاع 5 فیصد ہوتا ہے۔ روزانہ 8 گھنٹے کی سنگل شفٹ کی بنیاد پر کٹر 50 سے 60 جوڑے دستانوں کی کٹائی کرے گا۔

کٹنگ کے بعد اگلہ مرحلہ سلائی (Stitching) کا ہے۔ سلائی کرنے والا سلائی مشین کی مدد سے دستانوں کی سلائی کرتا ہے۔ سلائی کے عمل کے دوران دیگر لوازمات کو استعمال کیا جاتا ہے جس میں اہم طور پر لائننگ (Lining)، انٹر لائننگ (inter lining)، فوم (Foam)، ویلکرو (Velcro)، ہکس (Hooks)/ کلپس (Clips) اور لیبل شامل ہیں۔

سلائی کا عمل (Stitching Process) مکمل ہونے کے بعد معیار کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔ اس عمل میں معیار، سلائی، لوازمات، لائننگ وغیرہ کی کڑی جانچ کی جاتی ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ یہ تمام خریدار کی تفصیلات کے مطابق ہیں۔ علاوہ ازیں اس عمل کے دوران اضافی دھاگے اور ریشے علیحدہ کر دیئے جاتے ہیں۔ اس کے بعد دستانے کے ہر جوڑے کو لیبل اور ٹیگ (Tag) لگایا جاتا ہے اور پلاسٹک پولی تھین (Polythene) بیگ میں پیک کیا جاتا ہے اور 100 دستانوں کو ایک کارٹن میں پیک کر کے روانہ کیا جاتا ہے۔

**فگر 1: پیداواری گردش عمل**




## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

اس پری فزیبلٹی تحقیق کی بنیاد 8 گھنٹے کی سنگل شفٹ کی بنیاد پر روزانہ 1,100 جوڑے دستانے تیار کرنا ہوگی اور 300 قابل عمل دنوں میں 330,000 دستانوں کے جوڑے سالانہ تیار کرنا ہوگی جبکہ یونٹ کی زیادہ سے زیادہ صلاحیت کا استعمال 95 فیصد کے حساب سے 313,500 جوڑے تیار کرنا ہوگا۔

تاہم عمل کے پہلے سال کے دوران یونٹ 60 فیصد پیداواری استعداد کے ساتھ 198,000 جوڑے تیار کرے گا۔ پیداواری استعداد میں اضافے کی شرح اگلے سالوں کے لئے 10 فیصد فرض کی گئی ہے۔ یہ پیداواری صلاحیت کا تخمینہ معاشی طور پر قابل عمل اور منصوبے کے مستقل لاگت اور عملی اخراجات کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔

جدول نمبر1: ابتدائی اور عملی استعداد

| مندرجات | کل عملی استعداد (سالانہ) | عملی استعداد 60 فیصد (پہلے سال) | زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 95 فیصد |
|---|---|---|---|
| دستانوں کے جوڑے | 330,000 | 198,000 | 313,500 |

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

مندرجہ ذیل عناصر اس کاروبار کی کامیابی کیلئے اہم ہیں:

☆......بین الاقوامی سطح پر فیشن کے رجحانات خاص طور پر فیشن دستانوں کے متعلق آگاہی۔

☆......سرمایہ کاری پر زیادہ منافع اور کاروبار میں مستحکم ترقی کاروباری شخص اور ملازمین کی صلاحیتوں کی تعمیر و تربیت کے ساتھ وابستہ ہے۔

☆......کاروبار کے متعلقہ شعبے میں پہلے سے تجربہ/تعلیم۔

☆......مقامی اور بین الاقوامی ماحولیاتی قوانین کی سخت تعمیل۔

☆......عمدہ معیاری چمڑہ جو کہ بین الاقوامی معیارات جیسا کہ رجسٹریشن (Registration)، ایویلیویشن (Evaluation)، اتھارائزیشن (Authorization) اور ریسٹریکشن آف کیمیکل ریسرچ (Restriction of Chemical substances) شامل ہیں۔

☆......ہنر مند افرادی قوت کی دستیابی۔

☆......مصنوعات کی تیاری کا ہر عمل سخت زیر نگرانی ہونا چاہیے۔

☆......تشہیری مہم (ویب سائٹ اور سوشل میڈیا Website & Social Media) اور بین الاقوامی روابط کے ذریعے برآمدی آرڈرز کا مستقل حصول۔

☆......مصنوعات کی پیکجنگ کے اوپر خاص توجہ دی جائے۔

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

چمڑے کی مصنوعات کی تیاری کے لئے سیالکوٹ، کراچی اور لاہور 3 اہم کلسٹر ہیں۔ افرادی قوت کی دستیابی نہایت اہم ہے جبکہ لوکیشن کا انتخاب کرتے ہوئے تمام مندرجہ بالا شہروں میں ہنر مند افرادی قوت، خام مال اور بنیادی ضروریات کثرت سے موجود ہیں۔ تاہم مجوزہ چمڑے کے فیشن دستانے تیار کرنے والا یونٹ مثالی طور پر ان شہروں کے نواحی علاقوں میں قائم کیا جانا چاہیے۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

اس یونٹ میں تیار کئے جانے والے دستانے بنیادی طور پر برآمد کئے جائیں گے۔ جرمنی، امریکہ، یوکے، ترکی، جاپان، فرانس اور یو اے ای چمڑے کی بنی ہوئی پاکستانی مصنوعات کے لئے اہم درآمدی ملک ہیں۔ برآمدی مارکیٹ کے گاہکوں میں یورپ اور امریکہ کے چین سٹورز (Chain Stores) اور اہم چمڑے کے مصنوعات کے برانڈز شامل ہیں۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

چمڑے کے دستانے تیار کرنے والے یونٹ کی کاروباری عمل پذیری کو جانچنے کیلئے ایک تفصیلی ماڈل ترتیب دیا گیا ہے اور مختلف اخراجات اور آمدنی سے تعلق رکھنے والے مفروضہ جات، ان کے نتائج اور تجزیئے کے ساتھ اس سیکشن میں بیان کئے گئے ہیں۔

اس کاروبار کے متعلق آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)، گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) اور نفع و نقصان کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) ضمیمہ جات کے طور پر لف کی گئی ہیں۔

## 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام اعداد وشمار کا حساب پہلے سال اندازاً کل آمدنی 122.54 ملین کیلئے کیا گیا ہے۔ پہلے سال میں استعداد 60 فیصد نکالی گئی ہے اور اگلے سالوں میں 10 فیصد اضافہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 95 فیصد ہوگی۔

مندرجہ ذیل جدول میں اندرونی شرح منافع (IRR)، کل مدت واپسی (Payback Period) اور موجودہ قدر حاصل (NPV) کی تفصیل فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 46 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 3.12 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 31,343,505 روپے |

## 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 3: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (50 فیصد) | 5,434,848 روپے |
| بینک کا قرضہ (50 فیصد) | 5,434,848 روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع (سالانہ) | 14 فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5 سال |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

تجویز کردہ کاروبار کے عمل کے لئے مندرجہ ذیل جدول میں درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 4: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| مشینری اور آلات | 3,434,500 |
| فرنیچر اور فکسچرز | 665,000 |
| دفتری آلات | 193,500 |
| قبل از پیداوار لاگت | 1,031,612 |
| لیگل، لائسنسنگ، میڈیکل اور ٹرائل پروڈکشن | 250,000 |

| | |
|---|---|
| **کل مستقل لاگت** | 5,574,612 |
| **گردشی سرمایہ** | |
| خام مال انوینٹری | 4,308,906 |
| بلڈنگ کا پیشگی کرایہ | 600,000 |
| نقد | 300,000 |
| آلات کے سپیئر پارٹس کی انوینٹری | 86,178 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **5,295,084** |
| **کل لاگت کاروبار** | **10,869,696** |

## 9.4۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

رقبے کا تخمینہ پیداوار، مینجمنٹ اور سٹوریج کے لئے درکار زمین کی بنیاد پر لگایا گیا ہے۔ تاہم صنعت میں کام کرنے والے یونٹ کسی خاص رجحان کی پیروی نہیں کرتے۔ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ مستقل لاگت اور خطرے کا عنصر کم سے کم کرنے کیلئے کرائے کی بنیاد پر بلڈنگ حاصل کی جائے۔ درکار زمین اور بلڈنگ کے کرائے کے متعلق تفصیلات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں:

**جدول نمبر 5: درکار زمین**

| مندرجات | رقبہ (مربع فٹ) |
|---|---|
| مینجمنٹ/ ایڈمن ایریا | 800 |
| پروڈکشن ایریا | 5,000 |
| سٹور | 1,500 |
| کھلی جگہ | 1,300 |
| پبلک ہیلتھ فیسلٹیز | 400 |
| **کل رقبہ** | **9,000** |

مجوزہ کاروبار کیلئے ماہانہ کرایہ 100,000 روپے تجویز کیا گیا ہے۔ تاہم یہ مختلف علاقوں میں مختلف ہوسکتا ہے۔

## 9.5۔ درکار مشینری اور آلات (MACHINERY AND EQUIPMENT REQUIREMENT)

مجوزہ منصوبہ کیلئے درکار مشینری اور آلات کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:

**جدول نمبر 6: درکار مشینری اور آلات**

| مندرجات | تعداد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| لاک سلائی (سنگل سوئی کے ساتھ) | 50 | 25,000 | 1,250,000 |
| لاک سلائی (ڈبل سوئی کے ساتھ) | 1 | 40,000 | 40,000 |
| کٹرز (Cutters) | 5 | 1,500 | 7,500 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کٹائی کے لئے میزیں | 3 | 18,000 | 54,000 |
| ہائیڈرالک پریس (سونگ آرم 430ایم ایم) | 1 | 400,000 | 400,000 |
| آئرن ہیٹنگ ہینڈ(Iron Heating Hand) | 4 | 6,000 | 24,000 |
| سٹور ریکس(Store Racks) | 5 | 15,000 | 75,000 |
| معائنہ کرنے کے لئے میزیں(Checking Tables) | 3 | 7,000 | 21,000 |
| ٹولز، گیجز(Tools, Gauges) | 1 | 100,000 | 100,000 |
| اوور لاک مشین 3 دھاگوں والی (Over Lock Machine) | 1 | 25,000 | 25,000 |
| بجلی پہنچانے کے لئے (Electrification) | 52 | 3,000 | 156,000 |
| مشین کے لئے میز | 51 | 2,000 | 102,000 |
| جنریٹر(50KVA) | 1 | 900,000 | 900,000 |
| متفرق | 1 | 200,000 | 200,000 |
| صنعتی ایئر کولر | 2 | 40,000 | 80,000 |
| **ٹوٹل** | | | **3,434,500** |

## 9.6۔ درکار فرنیچر اور فکسچرز (FURNITUER AND FIXTURE REQUIREMENT)

درکار فرنیچر اور فکسچرز کی تفصیل درج ذیل جدول میں دی گئی ہے:

جدول نمبر 7 : درکار فرنیچرز اور فکسچرز

| مندرجات | تعداد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| دفتر میں وزیٹرز کے لئے کرسیاں | 20 | 6,000 | 120,000 |
| دفتر کے لئے میزیں | 6 | 10,000 | 60,000 |
| چھت والے پنکھے(Ceiling fans) | 25 | 3,000 | 75,000 |
| اے سی 1.5 ٹن | 2 | 60,000 | 120,000 |
| لائٹس | 1 | 40,000 | 40,000 |
| سٹور کرنے کے لئے ریکس وغیرہ(Storage racks etc.) | 1 | 100,000 | 100,000 |
| آگ بجھانے والا آلہ | 1 | 50,000 | 50,000 |
| دیگر متفرق | 1 | 100,000 | 100,000 |
| **ٹوٹل** | | | **665,000** |

## 9.7۔ درکار دفتری آلات (OFFICE EQUIPMENT REQUIREMENT)

مجوزہ منصوبہ کیلئے درکار دفتری آلات کی تفصیل ذیل کے جدول میں دی گئی ہے:

جدول نمبر 8: درکار دفتری آلات

| مندرجات | تعداد | لاگت (فی یونٹ) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| لیپ ٹاپ | 1 | 60,000 | 60,000 |
| کمپیوٹر ڈیسک ٹاپ (استعمال شدہ) | 4 | 15,000 | 60,000 |
| کمپیوٹر یو پی ایس | 4 | 5,000 | 20,000 |
| کمپیوٹر پرنٹر | 1 | 15,000 | 15,000 |
| ٹیلی فون سیٹ | 3 | 1,500 | 4,500 |
| فیکس مشین | 1 | 20,000 | 20,000 |
| ٹیلی فونز | 4 | 1,000 | 4,000 |
| سکینر (Scanner) | 1 | 10,000 | 10,000 |
| **ٹوٹل** | | | **193,500** |

## 9.8۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENT)

چمڑے کے دستانے کا ایک جوڑ ابنانے کیلئے خام مال کی لاگت اور تفصیل ذیل کے جدول میں فراہم کی گئی ہے:

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ | کل لاگت فی یونٹ |
|---|---|---|---|
| چمڑہ (Leather) | 4 مربع فٹ | 110 | 440 |
| لائننگ (Lining) | 0.20 میٹرز | 100 | 20 |

## 9.9۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

کاروبار کو با آسانی چلانے کے لئے درکار افرادی قوت بمعہ ملازمین کی تعداد اور ماہانہ تنخواہوں کے ساتھ مندرجہ ذیل ہے:

جدول نمبر 9: درکار افرادی قوت

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | تنخواہ (ماہانہ) |
|---|---|---|
| مالک/ منیجر | 1 | 80,000 |
| پروڈکشن انچارج | 1 | 40,000 |
| پیٹرن ماسٹر | 1 | 30,000 |

| | | |
|---|---|---|
| سٹچنگ سپروائزر | 1 | 30,000 |
| کیوسی سپروائزر | 1 | 30,000 |
| کیوسی انسپکٹرز | 2 | 18,000 |
| پیکنگ سپروائزر | 1 | 25,000 |
| پیک کرنے والے | 3 | 15,000 |
| مکینک | 1 | 18,000 |
| اکاؤنٹنٹ | 1 | 25,000 |
| سٹورانچارج | 1 | 20,000 |
| پرچیزر | 1 | 20,000 |
| آفس اسسٹنٹ | 1 | 18,000 |
| سکیورٹی گارڈ | 2 | 15,000 |
| سویپر | 1 | 13,000 |
| بلیو بوائے | 1 | 13,000 |
| **ٹوٹل** | **20** | |

## 9.10۔ متفرق اور دیگر لاگتیں (UTILITIES AND OTHER COSTS)

اس کاروبار میں برداشت کی جانے والی اہم ترین لاگت بجلی کے اخراجات ہیں۔ پہلے سال بجلی کے براہ راست اخراجات کا تخمینہ تقریباً 2.56 ملین روپے جبکہ آئندہ کے سالوں کے لئے 10 فیصد اضافہ کے ساتھ لگایا گیا ہے۔ مزید برآں تشہیری اخراجات آمدنی کا 2 فیصد یعنی 2.45 ملین روپے ہیں۔

## 9.11۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

مندرجہ ذیل جدول میں عمل کے پہلے سال میں 60 فیصد پیداواری صلاحیت کے ساتھ آمدنی کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں:

جدول نمبر 11: آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (پہلے سال)

| مندرجات | یونٹ | قیمت فروخت (فی یونٹ ڈالر میں) | قیمت فروخت (روپے میں) | پہلے سال پیداوار | کل آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| چمڑے کے دستانے (جوڑا) | | 6 ڈالر | 636 | 198,000 | 125,928,000 |
| تیار شدہ مصنوعات کی انوینٹری (مائنس) | | | | (8,250) | (5,247,000) |
| ریبیٹ (Rebate) (1.54 فیصد) | | | | | 1,858,487 |
| **ٹوٹل سیلز ریونیو** | | | | | **122,539,948** |

## 10۔ ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS)

مجوزہ منصوبہ کے متعلق پرائیویٹ سیکٹر میں خدمات فراہم کرنے والوں سے روابط کیلئے تفصیلات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں:

### 10.1۔ مشینری کے سپلائرز

| سپلائر کا نام | پتہ | فون |
|---|---|---|
| ریکس مشینری (پرائیویٹ لمیٹڈ) | ریکس مارکیٹ، 6علامہ اقبال روڈ، لاہور | 042-36375524 |
| المحمود سیونگ مشین کمپنی | 7ریکس مارکیٹ، 6علامہ اقبال روڈ، لاہور | 042-36311300 |

### 10.2۔ چمڑے اور اسیسریز کے سپلائرز

| سپلائر کا نام | پتہ | فون |
|---|---|---|
| ایف، کے لیدر | مانگا منڈی روڈ، نیاز نگر، قصور | 049-2761413 |
| مہر دھاگہ سٹور | نسیم حیات مارکیٹ، سیالکوٹ | 052-4582497 |

## 11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) | www.smeda.org.pk |
| گورنمنٹ آف پاکستان | www.pakistan.gov.pk |
| منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن | www.moip.com.pk |
| منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرڈز ان ہائیر ایجوکیشن | http://moptt.gov.pk |
| گورنمنٹ آف پنجاب | www.punjab.gov.pk |
| گورنمنٹ آف سندھ | www.sindh.gov.pk |
| گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |
| گورنمنٹ آف بلوچستان | www.balochistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف گلگت بلتستان | www.gilgitbaltistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر | wwwlajk.gov.pk |
| ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) | www.tdap.gov.pk |
| سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) | www.secp.gov.pk |
| فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) | www.fpcci.com.pk |
| سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) | www.sbp.org.pk |
| پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.psic.gop.pk |
| سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.ssic.gos.pk |
| پاکستان انسٹیٹیوٹ آف فیشن ڈیزائننگ | www.pifd.edu.pk |
| پاکستان ٹانرز ایسوسی ایشن | www.pakistantanners.org |
| پاکستان لیدر گلوز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی ایل جی ایم ای اے) | www.plgmea.org.pk |

## 12۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

## 12.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Calculations** — **SMEDA**

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 122,539,487 | 163,119,593 | 205,218,123 | 254,105,162 | 295,766,590 | 326,058,289 | 358,664,118 | 394,530,530 | 433,983,583 | 477,381,941 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Raw Material Cost | 103,413,750 | 137,660,188 | 173,188,056 | 214,444,897 | 249,603,886 | 275,167,712 | 302,684,484 | 332,952,932 | 366,248,225 | 402,873,048 |
| Cost of goods sold 2 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Operation costs 1 (direct labor) | 3,151,000 | 3,595,271 | 3,957,759 | 4,356,067 | 4,803,404 | 5,295,357 | 5,824,893 | 6,407,382 | 7,048,120 | 7,752,932 |
| Operating costs 2 (machinery maintenance) | 517,069 | 688,301 | 865,940 | 1,072,224 | 1,248,019 | 1,375,839 | 1,513,422 | 1,664,765 | 1,831,241 | 2,014,365 |
| Operating costs 3 (direct electricity) | 2,558,160 | 2,813,976 | 3,095,374 | 3,404,911 | 3,745,402 | 4,119,942 | 4,531,936 | 4,985,130 | 5,483,643 | 6,032,007 |
| Operating costs 4 (direct water) | 180,000 | 198,000 | 217,800 | 239,580 | 263,538 | 289,892 | 318,881 | 350,769 | 385,846 | 424,431 |
| Operating costs 5 (direct gas) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total cost of sales | 109,819,979 | 144,955,736 | 181,324,929 | 223,517,680 | 259,664,249 | 286,248,742 | 314,873,616 | 346,360,978 | 380,997,075 | 419,096,783 |
| Gross Profit | 12,719,509 | 18,163,857 | 23,893,194 | 30,587,483 | 36,102,341 | 39,809,547 | 43,790,502 | 48,169,552 | 52,986,508 | 58,285,158 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 2,388,000 | 2,626,800 | 2,889,480 | 3,178,428 | 3,496,271 | 3,845,898 | 4,230,488 | 4,653,536 | 5,118,890 | 5,630,779 |
| Administration benefits expense | 119,400 | 131,340 | 144,474 | 158,921 | 174,814 | 192,295 | 211,524 | 232,677 | 255,945 | 281,539 |
| Building rental expense | 1,200,000 | 1,320,000 | 1,452,000 | 1,597,200 | 1,756,920 | 1,932,612 | 2,125,873 | 2,338,461 | 2,572,307 | 2,829,537 |
| Electricity expense | 292,968 | 322,265 | 354,491 | 389,940 | 428,934 | 471,828 | 519,011 | 570,912 | 628,003 | 690,803 |
| Travelling expense | 477,600 | 525,360 | 577,896 | 635,686 | 699,254 | 769,180 | 846,098 | 930,707 | 1,023,778 | 1,126,156 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 358,200 | 394,020 | 433,422 | 476,764 | 524,441 | 576,885 | 634,573 | 698,030 | 767,834 | 844,617 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc | 238,800 | 262,680 | 288,948 | 317,843 | 349,627 | 384,590 | 423,049 | 465,354 | 511,889 | 563,078 |
| Promotional expense | 2,450,790 | 3,262,392 | 4,104,362 | 5,082,103 | 5,915,332 | 6,521,166 | 7,173,282 | 7,890,611 | 8,679,672 | 9,547,639 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, Medical etc.) | 1,225,395 | 1,631,196 | 2,052,181 | 2,541,052 | 2,957,666 | 3,260,583 | 3,586,641 | 3,945,305 | 4,339,836 | 4,773,819 |
| Depreciation expense | 448,650 | 448,650 | 448,650 | 448,650 | 448,650 | 1,025,406 | 1,025,406 | 1,025,406 | 1,025,406 | 1,025,406 |
| Amortization of pre-operating costs | 206,322 | 206,322 | 206,322 | 206,322 | 206,322 | - | - | - | - | - |
| Amortization of legal, licensing, and training costs | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 |
| Subtotal | 9,431,125 | 11,156,025 | 12,977,227 | 15,057,910 | 16,983,231 | 19,005,442 | 20,800,945 | 22,775,999 | 24,948,559 | 27,338,374 |
| Operating Income | 3,288,384 | 7,007,832 | 10,915,967 | 15,529,573 | 19,119,110 | 20,804,106 | 22,989,557 | 25,393,553 | 28,037,949 | 30,946,785 |
| Gain / (loss) on sale of machinery & equipment | - | - | - | - | 1,373,800 | - | - | - | - | |
| Gain / (loss) on sale of office equipment | - | - | - | - | 77,400 | - | - | - | - | |
| Earnings Before Interest & Taxes | 3,288,384 | 7,007,832 | 10,915,967 | 15,529,573 | 20,570,310 | 20,804,106 | 22,989,557 | 25,393,553 | 28,037,949 | 30,946,785 |
| Interest on short term debt | 84,263 | 84,263 | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 390,223 | 331,189 | 263,889 | 187,168 | 99,707 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 346,060 | 287,342 | 219,854 | 142,287 | 53,136 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 820,546 | 702,793 | 483,743 | 329,455 | 152,842 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 2,467,837 | 6,305,039 | 10,432,223 | 15,200,118 | 20,417,468 | 20,804,106 | 22,989,557 | 25,393,553 | 28,037,949 | 30,946,785 |
| Tax | 341,067 | 1,429,263 | 2,873,778 | 4,542,541 | 6,368,613 | 6,503,936 | 7,268,844 | 8,110,243 | 9,035,782 | 10,053,874 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **2,126,770** | **4,875,776** | **7,558,446** | **10,657,577** | **14,048,855** | **14,300,169** | **15,720,713** | **17,283,310** | **19,002,168** | **20,892,911** |

## 12.2۔اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Calculations** | **SMEDA**

**Balance Sheet**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 300,000 | - | 2,617,196 | 6,374,256 | 13,039,701 | 16,692,365 | 27,605,310 | 39,706,274 | 52,470,670 | 65,838,536 | 124,137,778 |
| Equipment spare part inventory | 86,178 | 126,189 | 174,631 | 237,855 | 304,538 | 369,300 | 446,853 | 540,693 | 654,238 | 791,628 | - |
| Raw material inventory | 4,308,906 | 6,309,425 | 8,731,565 | 11,892,757 | 15,226,877 | 18,465,015 | 22,342,668 | 27,034,628 | 32,711,900 | 39,581,399 | - |
| Pre-paid building rent | 600,000 | 660,000 | 726,000 | 798,600 | 878,460 | 966,306 | 1,062,937 | 1,169,230 | 1,286,153 | 1,414,769 | - |
| Total Current Assets | 5,295,084 | 21,942,134 | 30,064,795 | 42,035,395 | 57,682,429 | 69,933,578 | 88,939,245 | 109,709,835 | 132,507,874 | 157,549,734 | 179,053,521 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery & equipment | 3,434,500 | 3,091,050 | 2,747,600 | 2,404,150 | 2,060,700 | 7,248,547 | 6,351,967 | 5,455,387 | 4,558,808 | 3,662,228 | 2,765,648 |
| Furniture & fixtures | 665,000 | 598,500 | 532,000 | 465,500 | 399,000 | 332,500 | 266,000 | 199,500 | 133,000 | 66,500 | - |
| Office equipment | 193,500 | 154,800 | 116,100 | 77,400 | 38,700 | 311,634 | 249,307 | 186,980 | 124,653 | 62,327 | - |
| Total Fixed Assets | 4,293,000 | 3,844,350 | 3,395,700 | 2,947,050 | 2,498,400 | 7,892,680 | 6,867,274 | 5,841,867 | 4,816,461 | 3,791,055 | 2,765,648 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 1,031,612 | 825,289 | 618,967 | 412,645 | 206,322 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | 250,000 | 225,000 | 200,000 | 175,000 | 150,000 | 125,000 | 100,000 | 75,000 | 50,000 | 25,000 | - |
| Total Intangible Assets | 1,281,612 | 1,050,289 | 818,967 | 587,645 | 356,322 | 125,000 | 100,000 | 75,000 | 50,000 | 25,000 | - |
| **TOTAL ASSETS** | **10,869,696** | **26,836,774** | **34,279,462** | **45,570,090** | **60,537,151** | **77,951,258** | **95,906,519** | **115,626,703** | **137,374,335** | **161,365,789** | **181,819,170** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 13,606,820 | 18,154,687 | 22,954,267 | 28,485,436 | 33,248,986 | 36,904,077 | 40,903,548 | 45,367,870 | 50,357,157 | 49,917,626 |
| Total Current Liabilities | - | 14,655,164 | 18,154,687 | 22,954,267 | 28,485,436 | 33,248,986 | 36,904,077 | 40,903,548 | 45,367,870 | 50,357,157 | 49,917,626 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Long term debt (Project Loan) | 2,787,306 | 2,365,632 | 1,884,925 | 1,336,918 | 712,190 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 2,647,542 | 2,254,359 | 1,802,456 | 1,283,066 | 686,108 | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 5,434,848 | 4,619,991 | 3,687,381 | 2,619,983 | 1,398,298 | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 | 5,434,848 |
| Retained earnings | | 2,126,770 | 7,002,546 | 14,560,992 | 25,218,570 | 39,267,424 | 53,567,594 | 69,288,306 | 86,571,617 | 105,573,784 | 126,466,695 |
| Total Equity | 5,434,848 | 7,561,618 | 12,437,394 | 19,995,840 | 30,653,418 | 44,702,272 | 59,002,442 | 74,723,155 | 92,006,465 | 111,008,632 | 131,901,543 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **10,869,696** | **26,836,774** | **34,279,462** | **45,570,090** | **60,537,151** | **77,951,258** | **95,906,519** | **115,626,703** | **137,374,335** | **161,365,789** | **181,819,170** |

## 12.3۔گردش نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

**Calculations** | **SMEDA**

**Cash Flow Statement**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 1( |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 2,126,770 | 4,875,776 | 7,558,446 | 10,657,577 | 14,048,855 | 14,300,169 | 15,720,713 | 17,283,310 | 19,002,168 | 20,892,911 |
| Add: depreciation expense | | 448,650 | 448,650 | 448,650 | 448,650 | 448,650 | 1,025,406 | 1,025,406 | 1,025,406 | 1,025,406 | 1,025,40 |
| amortization of pre-operating costs | | 206,322 | 206,322 | 206,322 | 206,322 | 206,322 | - | - | - | - | - |
| amortization of training costs | | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,000 | 25,00 |
| Equipment inventory | (86,178) | (40,010) | (48,443) | (63,224) | (66,682) | (64,763) | (77,553) | (93,839) | (113,545) | (137,390) | 791,62 |
| Raw material inventory | (4,308,906) | (2,000,519) | (2,422,139) | (3,161,192) | (3,334,120) | (3,238,138) | (3,877,653) | (4,691,960) | (5,677,272) | (6,869,499) | 39,581,39 |
| Pre-paid building rent | (600,000) | (60,000) | (66,000) | (72,600) | (79,860) | (87,846) | (96,631) | (106,294) | (116,923) | (128,615) | 1,414,76 |
| Accounts payable | | 13,606,820 | 4,547,867 | 4,799,580 | 5,531,169 | 4,763,550 | 3,655,091 | 3,999,471 | 4,464,322 | 4,989,287 | (439,53 |
| Cash provided by operations | (4,995,084) | (533,487) | 4,598,150 | 4,824,457 | 7,887,130 | 10,893,893 | 10,912,944 | 12,100,964 | 12,764,397 | 13,367,865 | 58,299,24 |
| | | | | | | | | | | | |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (421,674) | (480,708) | (548,007) | (624,728) | (712,190) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (393,184) | (451,902) | (519,391) | (596,957) | (686,108) | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 2,787,306 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 2,647,542 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 5,434,848 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | | | | | | | | | | | |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 10,869,696 | (814,857) | (1,980,954) | (1,067,397) | (1,221,685) | (1,398,298) | - | - | - | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (5,574,612) | - | - | - | - | (5,842,930) | - | - | - | - | - |
| Acquisitions | | | | | | | | | | | |
| Cash (used for)/ provided by investing activities | (5,574,612) | - | - | - | - | (5,842,930) | - | - | - | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| **NET CASH** | **300,000** | **(1,348,344)** | **2,617,196** | **3,757,060** | **6,665,445** | **3,652,664** | **10,912,944** | **12,100,964** | **12,764,397** | **13,367,865** | **58,299,242** |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| انتظامی بہبود کے اخراجات | 5فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| دفتری اخراجات (سٹیشنری، انٹرٹیمنٹ وغیرہ) | 10فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| سفری اخراجات | 20فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| نقل وحمل کے اخراجات | 15فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| تشہیری اخراجات | آمدنی کا 2فیصد |
| پروفیشنل فیس | 1فیصد آمدنی کا |
| فرسودگی کا طریقہ کار | ایکسیلیریٹڈ |
| شرح فرسودگی | 10فیصد مشینری پر<br>20فیصد دفتری آلات پر<br>10فیصد فرنیچر اور فلکسچر ز پر |
| افراط زر کی شرح میں اضافہ | 10فیصد |
| بجلی کی قیمت میں اضافہ کی شرح | 10فیصد |
| تنخواہوں میں شرح اضافہ | 10فیصد |
| پیداواری لاگت میں شرح اضافہ | 10فیصد |

### 13.2۔ پیداواری لاگت کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| سٹیچنگ مشینوں کی تعداد | 50 |
| عملی استعداد (پہلے سال) | 60فیصد |
| زیادہ سے زیادہ عملی استعداد | 95فیصد |
| کل پیداوار روزانہ | 1,100 |
| پیداواری صلاحیت (سالانہ) | 198,000 |
| قابل عمل گھنٹے (روزانہ) | 8 گھنٹے |
| قابل عمل دن (ماہانہ) | 25دن |
| شفٹ کی تعداد | سنگل شفٹ (8 گھنٹے) |
| قابل عمل دن سالانہ | 300دن |

## 13.3۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| پیداواری لاگت (فی جوڑا دستانہ) | 545روپے |
| چمڑہ (4مربع فٹ) | 440روپے |
| لائننگ | 20روپے |
| کٹنگ | 5روپے |
| سوئچنگ | 50روپے |
| متفرق | 30روپے |
| قیمت فروخت فی یونٹ (پہلے سال) | 636روپے |
| قیمت فروخت میں شرح اضافہ | 10فیصد |
| برآمدی فروخت (Export Sales) | 100فیصد |
| برآمد میں چھوٹ/کمی (Export Rebate) | 1.54فیصد |

## 13.4۔ مالیاتی مفروضات

| | |
|---|---|
| قرضہ | 50فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 50فیصد |
| قرضہ پر شرح منافع | 14فیصد |
| قرضہ کی مدت واپسی | 5سال |
| قرضہ کی ادائیگی کی اقساط (سالانہ) | 1 |